**Shabbir / Fazil**

**10-12-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- لوک سبھا میں آج انتخابی اصلاحات پر آگے بحث ہوگی۔ وزیر داخلہ امت شاہ بحث کا جواب دیں گے۔

2- راجیہ سبھا میں قومی گیت وندے ماترم کے 150 سال مکمل ہونے کے تعلق سے بحث ہوگی۔

3- DGCA نے موسم سرما کیلئے IndiGo کے پروازوں کے Operations میں 10 فیصد کٹوتی کا حکم دیا ہے۔

4- مائیکرو سافٹ نے بھارت میں 17 ارب 50 کروڑ امریکی ڈالر کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے، جو ملک کے AI بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے کیلئے ایشیا میں سب سے بڑی سرمایہ کاری ہے۔

5- آسٹریلیا 16 سال سے کم عمر نوجوانوں کیلئے سوشل میڈیا پر پابندی عائد کرنے والا دنیا کا پہلا ملک بن گیا ہے۔

6- بھارتی موسمیات محکمے نے پنجاب، مغربی مدھیہ پردیش، مہاراشٹر، شمالی کرناٹک کے اندرونی علاقوں اور تلنگانہ میں اگلے دو دن تک موسم سرد رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

7- اور: کرکٹ میں کٹک میں پانچ میچوں کی سیریز کے، پہلے ٹی ٹوئنٹی میچ میں بھارت نے جنوبی افریقہ کو 101 رن سے کراری شکست دی۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

LS RS Discussions

لوک سبھا میں آج انتخابی اصلاحات پر آگے بحث ہوگی۔ کَل بحث میں حصہ لیتے ہوئے قانون اور انصاف محکمے کے وزیر ارجن رام میگھوال نے کہا کہ ووٹر فہرستوں پر خصوصی تفصیلی نظرِ ثانی SIR کا عمل کانگریس کے دورِ حکومت میں بھی کئی بار انجام دیا گیا، لیکن اب اپوزیشن اِس عمل پر سوال اٹھا رہی ہے۔

S/B 2045 Arjun Ram Meghwal

جناب میگھوال نے ملک کے ووٹنگ نظام کی یہ کہتے ہوئے ستائش کی کہ آزادی کے بعد سے ہر ایک کو ووٹنگ کے برابر کے حقوق ملتے رہے ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ انتخابات، محض ایک سیاسی عمل نہیں بلکہ یہ جمہوریت کا ایک فیسٹِول ہے، جسے کروڑوں لوگ اِس میں شامل ہوکر مناتے ہیں۔

لوک سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر اور کانگریس کے رہنما راہل گاندھی نے انتخابی اصلاحات پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے ووٹر فہرستوں میں Duplicate ووٹرس کا معاملہ اٹھایا۔ انھوں نے بہار میں SIR کے معاملے پر یہ الزام لگاتے ہوئے انتخابی کمیشن پر سوال اٹھایا کہ ووٹر فہرست میں ایک لاکھ 20 ہزار Duplicate فوٹو موجود ہیں۔

اِدھر راجیہ سبھا میں قومی گیت وندے ماترم کے 150 سال مکمل ہونے کے تعلق سے آج مزید بحث ہوگی۔ کَل بحث کا آغاز کرتے ہوئے وزیر داخلہ امت شاہ نے زور دے کر کہا کہ وکست بھارت کی سمت ملک کے سفر میں قومی گیت کی افادیت برقرار رہے گی۔

وزیر داخلہ نے وندے ماترم پر بحث کرانے کی ضرورت پر سوال اٹھانے اور اِسے مغربی بنگال چناؤ کے ساتھ جوڑنے پر کانگریس کی نکتہ چینی کی۔

S/B 2045 Amit Shah

بحث میں حصہ لیتے ہوئے راجیہ سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر ملک ارجن کھڑگے نے کہا کہ کانگریس نے جدوجہد آزادی کے دوران وندے ماترم کو ایک نعرہ بنایا تھا۔ انھوں نے کہا کہ جب مہاتما گاندھی نے عدم تعاون کی تحریک شروع کی تھی، تو کانگریس سے تعلق رکھنے والے لاکھوں مجاہدینِ آزادی وندے ماترم کا نعرہ لگاتے ہوئے جیل گئے تھے۔

S/B 2045 Marrikarjun Kharge

DGCA

شہری ہوابازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل DGCA نے، انڈیگو کو ہدایت دی ہے کہ وہ 2025 کے موسمِ سرما کی پروازوں میں، سبھی سیکٹروں میں 10 فیصد کمی کرے۔ ڈائریکٹوریٹ نے پروازوں میں بڑے پیمانے پر ہوئی رکاوٹ اور منظور شدہ اوقات میں کام کاج جاری رکھنے کی، ایئر لائن کی نااہلی کا ذکر کیا۔

ایئر لائن کے نگراں ادارے نے ایک نوٹس میں کہا کہ انڈیگو کو اِس سال نومبر میں 64 ہزار 346 پروازوں کی منظوری دی گئی تھی۔ لیکن اُس نے محض 59 ہزار 438 پروازیں کیں اور 951 پروازیں منسوخ ہوئیں۔

اگرچہ اِس سیزن کیلئے 403 طیاروں کے ساتھ پروازوں میں 6 فیصد اضافے کی منظوری دی گئی تھی، لیکن انڈیگو نے نومبر میں محض 340 طیاروں کا استعمال کیا۔

DGCA نے انڈیگو سے کہا ہے کہ وہ آج شام 5 بجے تک ایک نظرثانی شدہ فہرست داخل کرے۔×

J&K Vande Bharat

شمالی ریلویز کے جموں ڈویژن نے پھنسے ہوئے مسافروں کی سہولت کیلئے 12 دسمبر سے تین دن تک نئی دلی اور اُودھم پور کے درمیان خصوصی وندے بھارت ٹرین چلانے کا اعلان کیا ہے۔ جموں اور سری نگر سے IndiGo کی پروازیں منسوخ کیے جانے کے تناظر میں یہ اعلان کیا گیا ہے۔ اِس کی وجہ سے ہوائی اڈوں پر افراتفری کی کیفیت پیدا ہوگئی تھی اور وہاں پھنسے ہوئے مسافروں نے احتجاج کیا۔

نئی دلی سے اُودھم پور کیلئے خصوصی ریل گاڑی صبح 6 بجے روانہ ہوگی اور دوپہر 2 بجے اُودھم پور پہنچے گی۔ راستے میں یہ دیگر اسٹیشنوں کے علاوہ انبالہ کینٹ، لدھیانہ، پٹھان کوٹ کینٹ اور جموں توی میں رکے گی۔x

Nadella MS Investment

عالمی سطح کی سافٹ ویئر کمپنی مائیکروسافٹ نے، بھارت میں 17 ارب 50 کروڑ امریکی ڈالر کا سرمایہ لگانے کا عزم کیا ہے، تاکہ ملک میں AI مستقبل کیلئے بنیادی ڈھانچے، ہُنرمندی اور آزادانہ صلاحیتوں کی تعمیر میں مدد دی جا سکے۔

مائیکروسافٹ کے CEO ستیہ نڈیلا نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں یہ بات کہی ہے۔ اِس سے پہلے کل انہوں نے وزیر اعظم نریندر مودی سے ملاقات کی تھی۔

انہوں نے سوشل میڈیا پر کہا کہ بھارت کے ارادوں کی حمایت کرنے کیلئے مائیکروسافٹ، ایشیاء میں ابھی تک کی سب سے بڑی سرمایہ کاری کا ارادہ کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس عزم سے بھارت کے ''AI مقدم'' کے مستقبل کیلئے، بنیادی ڈھانچے، ہُنرمندی اور آزادانہ صلاحیتوں کی تعمیر میں مدد ملے گی۔

مائیکروسافٹ نے ایک بیان میں کہا کہ کمپنی کا منصوبہ ہے کہ وہ اگلے 4 سال 2026 سے 2029 کے دوران، بھارت میں 17 ارب 50 کروڑ امریکی ڈالر کا سرمایہ لگائے، تاکہ AI کا، یہاں کی آبادی کے پیمانے پر استعمال شروع کیا جا سکے۔x

PM Satya Naella

وزیراعظم نریندر مودی نے ایشیا میں مائیکروسافٹ کی اب تک کی سب سے بڑی سرمایہ کاری کا خیر مقدم کیا ہے اور مصنوعی ذہانت کے شعبے میں بھارت کے پیش پیش رہنے کے بارے میں پُر امیدی کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا پر مائیکرو سافٹ کے چیئرمین اور چیف ایگزیکیوٹیو افسر Satya Nadella کی پوسٹ پر وزیراعظم نے کہا کہ

جب AI کی بات آتی ہے تو دنیا بھارت کے تعلق سے پُرامیدی کا اظہار کرتی ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ انھیں اِس بات پر خوشی ہے کہ بھارت ایک ایسے مقام پر ہے، جہاں مائیکرو سافٹ اب تک کی اپنی سب سے بڑی سرمایہ کاری کرنے والی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک کے نوجوان بہتر کرۂ ارض کیلئے اختراع اور AI کی طاقت کو بروئے کار لانے کیلئے اِس موقعے سے فائدہ اٹھائیں گے۔x

[Prez.Human Rights Day]

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلّی میں بھارت منڈپم میں انسانی حقوق کے دن کے موقعے پر اجتماع سے خطاب کریں گی۔ اِس تقریب کا اہتمام انسانی حقوق کے قومی کمیشن نے کیا ہے۔ اِس تقریب سے 1948 میں انسانی حقوق کے عالمی سطح کے اعلامیے کی منظوری کی اہمیت کا اظہار ہوتا ہے۔

کانفرنس میں، انسانی حقوق کے ریاستی کمیشنوں، قومی کمیشنوں، سِول سوسائٹی اور یونیورسٹیوں نمائندگان نیز دیگر افسران یکجا ہوں گے۔x

[Chhattiagarh SIR]

چھتیس گڑھ میں ووٹر فہرستوں پر خصوصی تفصیلی نظرِ ثانی SIR کے تحت ریاست میں ذاتی معلومات سے متعلق قریب قریب سبھی فارمس تقسیم کردیے گئے ہیں۔ اِن میں سے بیشتر فارمس کو ڈجیٹل شکل دینے کا کام بھی مکمل کرلیا گیا ہے۔ ہمارے رائے پور کے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ رائے دہندگان کی سہولت کیلئے مختلف ضلعوں میں ہیلپ ڈیسک قائم کی گئی ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C Vikalp Shukla

چھتیس گڑھ کے کئی ضلعوں میں ایوانِ تجارت اور مختلف سماجی تنظیمیں SIR مہم پر خوش اسلوبی کے ساتھ عمل درآمد کو یقینی بنانے کی خاطر معاونت کر رہی ہیں۔

Gaurella-Pendra-Marwahi ضلعے کے نائب چناؤ افسر اِمت Bek نے کہا ہے کہ SIR سے متعلق معاملات کو تیزی کے ساتھ حل کیا جا رہا ہے۔

S/B Amit Bek

چھتیس گڑھ کے سبھی ضلعوں میں SIR کا کام پوری سنجیدگی اور شفافیت کے ساتھ انجام دیا جا رہا ہے۔

رائے پور سے وکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .......

Kerala SIR

کیرالہ میں، SIR کیلئے کل شام تک ذاتی معلومات سے متعلق دو کروڑ 73 ہزار سے زیادہ فارمس کو ڈجیٹل شکل دی جا چکی تھی۔ یہ تقسیم کیے گئے مجموعی فارمس کا 98 اعشاریہ دو-چھ فیصد ہے۔
اُدھر کاسرگوڈ اور Wayanad ضلعوں میں مذکورہ فارمس کو ڈجیٹل شکل دینے کا سو فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Mehul Choksi Extradition

بیلجیم کی اعلیٰ عدالت نے، بھارت کے فرار ملزم میہُل چوکسی کی وہ اپیل مسترد کر دی ہے، جو اُس نے Antwerp میں اپنی گرفتاری کے خلاف دی تھی۔ بھارت نے میہُل کی حوالگی کی درخواست کی تھی، جس کی بنیاد پر اُسے گرفتار کیا گیا تھا۔
بیلجیم کی کالعدم عدالت نے کل برسلز میں چوکسی کی درخواست پر ساعت کی اور بھارت کے حق میں فیصلہ سنایا۔ چوکسی اِس سال اپریل سے Antwerp میں جیل میں بند ہے۔ اُسے بھارت کی درخواست پر گرفتار کیا گیا تھا۔ اُس پر 2018 سے 2022 کے درمیان، تقریباً 13 ہزار کروڑ روپے مالیت کے 6 بینک گھوٹالوں کا الزام ہے۔ ×

Rajasthan Pravasi Rajasthani Diwas

آج راجستھان کے شہر جے پور میں، پرواسی راجستھانی دیوس منایا جائے گا، جس میں ملک اور بیرونِ ملک کے، غیر رہائشی راجستھانی افراد یکجا ہوں گے۔ اِس شاندار تقریب میں 8 ہزار 700 سے زیادہ شرکاء نے اندراج کرایا ہے۔ اِس پروگرام میں ایک لاکھ کروڑ روپے مالیت کی سرمایہ کاری کی تجویزوں کا آغاز ہوگا۔ اِس کے علاوہ پرواسی راجستھانی پالیسی نیز بہت سی سرمایہ کاری کے فروغ کی پالیسیوں کا آغاز کیا جائے گا۔
گورنر ہری بھاؤ بگاڑے، پنجاب کے گورنر گلاب چند کٹاریہ، وزیر اعلیٰ بھجن لال شرما، بہت سے مرکزی وزراء اور دیگر عوامی نمائندگان اِس پروگرام میں شرکت کریں گے۔
وزیر اعلیٰ بھجن لال شرما نے پچھلے سال Rising Rajasthan Global Investment Summit کے دوران اعلان کیا تھا کہ ہر سال 10 دسمبر کو پرواسی راجستھانی دیوس منایا جائے گا۔ اِس ایک روزہ تقریب کا مقصد،

بیرونِ ملک آباد راجستھانی برادری کے لوگوں کو یکجا کرنا اور اُن کی جڑوں سے اُن کی وابستگی کو پختہ کرنا ہے۔
تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Jitendra Dwivedi

اِس تقریب میں مختلف وزیروں اور اہلکاروں کے ساتھ ساتھ صنعت اور کاروبار کی سرکردہ شخصیات، متعلقہ ماہرین، سرمایہ کار اور مختلف شعبوں کے ممتاز افراد شرکت کریں گے۔ اِس کے علاوہ اِس پروگرام میں اہم موضوعات پر مبنی پرواسی راجستھانی مذاکرات اور کئی الگ الگ اجلاس بھی ہوں گے۔ بیرونِ ملک آباد راجستھان کے کچھ ممتاز افراد کو پرواسی راجستھانی سمّان بھی پیش کیا جائے گا، جنھوں نے بھارت اور بھارت سے باہر بھی قابل قدر کامیابی حاصل کی ہے۔

جے پور سے جتیندر دیویدی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں .................

## Australia Social Media Ban

دنیا میں ایسا پہلی بار ہے کہ آسٹریلیا میں سوشل میڈیا پر بندش عائد کر دی گئی ہے۔ اس طرح لاکھوں بچے اور 16 سال سے کم عمر کے لوگ سوشل میڈیا سے محروم ہو گئے ہیں۔ اِس نئے قانون کے تحت انسٹاگرام، فیس بک، Threads، ایکس، Snap Chat، Kick، Twitch، ٹِک ٹاک، Reddit اور یو ٹیوب کو نوجوان صارفین کو اب بلاک کرنا ہوگا۔

اِس اصول کی خلاف ورزی کرنے والے والدین اور بچوں کو کوئی سزا نہیں ملے گی، البتہ ٹیکنیکل کمپنیوں کو کسی بھی خلاف ورزی پر 3 کروڑ 20 لاکھ روپے تک کے جرمانے کا سامنا کر پڑ سکتا ہے۔

حکومت نے کہا کہ اِس بندش کا مقصد نقصان دہ مواد سے نوجوانوں کی حفاظت کرنا ہے۔ وزیر اعظم اینتھنی Albanese نے پچھلے ستمبر کو اعلان کیا تھا کہ آسٹریلیا، سوشل میڈیا کے استعمال کیلئے ایک عمر کی حد مقرر کرے گا۔×

## Hornbill

ناگالینڈ کا مشہور، تہواروں کا تہوار 26 واں Hornbill فیسٹیول آج اپنی ایک شاندار تقریب کے ساتھ ختم ہو جائے گا۔ یہ شاندار تقریب سہ پہر 5 بجے شروع ہوگی۔ یہ فیسٹیول 10 روز کی ایک ثقافتی تقریب کے طور پر منایا گیا، جس میں عالمی سطح پر شرکت کی گئی۔×

Tilangana

تلنگانہ میں ، 3 ہزار ڈرونز نے Rising Global Summit کے دوران، فضا میں دنیا کے طویل ترین جملے کی تشکیل کی۔ کل بھارت فیوچر سِٹی میں 2 روزہ تلنگانہ Rising Global Summit کے اختتامی جلسے میں یہ نیا گینیس عالمی ریکارڈ قائم کیا گیا۔
ڈرونز نے فضا میں یہ جملہ تشکیل دیا۔

Telangana is Rising. Cum Join the Rise

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلی، مغربی مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، اوڈیشہ، مہاراشٹر، شمالی کرناٹک کے اندرونی علاقوں اور تلنگانہ میں اگلے دو دن تک موسم سرد رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔
ہماچل پردیش، اوڈیشہ، مشرقی اترپردیش، آسام اور منی پور میں صبح کے اوقات میں گہرا کہرا چھائے رہنے کا امکان ہے۔
اِدھر شمال مغربی بھارت میں اگلے دو دن کے دوران کم از کم درجۂ حرارت میں رفتہ رفتہ دو ڈگری سیلسیس کی گراوٹ آنے کا امکان ہے۔
دلی قومی راجدھانی خطے میں ہوا کی کوالٹی اب بھی خراب کے زمرے میں ہے۔ فضائی آلودگی پر کنٹرول سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق خطے میں ہوا کی کوالٹی کا اوسط اشاریہ آج صبح 7 بجے 269 ریکارڈ کیا گیا۔x

Ind VS SA T-20

مردوں کی کرکٹ میں اوڈیشہ میں کٹک کے Barabati اسٹیڈیم میں بھارت نے پہلے ٹی ٹوئینٹی میچ میں جنوبی افریقہ کو 101 رن سے کراری شکست دے کر پانچ میچوں کی سیریز میں ایک۔صفر کی سبقت حاصل کرلی ہے۔
جنوبی افریقہ کو 176 رن کا نشانہ ملا تھا لیکن بھارتی گیند بازوں کی عمدہ کارکردگی کے آگے اُس کی پوری ٹیم محض 74 رن پر سمٹ گئی۔
ہاردک پانڈیا کو اُن کی شاندار ہمہ جہت کارکردگی کیلئے میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔
اِس سے پہلے بھارت نے مقررہ 20 اوورس میں 175 رن بنائے۔ ہاردک پانڈیا نے 28 گیندوں پر دھواں دھار 59 رن اسکور کیے۔x

Nightclub Fire Detention

گوا پولیس نے، Birch by Romeo Lane نائٹ کلب کے 4 مالکوں میں سے ایک، اجے گپتا کو حراست میں لیا ہے۔ اِس کلب میں ہفتے کے روز ایک بھیانک آگ حادثے میں 25 افراد کی جانیں چلی گئی تھیں۔

ریاستی پولیس نے گپتا اور ایک دیگر مالک سریندر کمار کھوسلا کے خلاف ایک لُک آؤٹ سرکولر LOC جاری کیا تھا۔ حراست کے بارے میں جانکاری دیتے ہوئے گوا پولیس کے ترجمان نے کہا کہ یہ چھٹا شخص ہے، جسے اِس کیس کے تحت حراست میں لیا گیا ہے۔

پولیس افسروں نے بتایا کہ گپتا کو، گوا لانے کی تمام تر کارروائی پوری ہو جانے کے بعد، جلد ہی گرفتار کر لیا جائے گا۔×

Morn. India US FOC

کل نئی دلّی میں بھارت-امریکہ غیر ملکی دفتر کا صلاح مشورہ کیا گیا، جس کی مشترکہ صدارت، غیر ملکی امور کے سکریٹری وِکرم مسری اور امریکہ کے انڈر سکریٹری Allison Hooker نے کی۔

وزارتِ خارجہ نے ایک بیان میں کہا کہ یہ صلاح مشورہ بھارت-امریکہ جامع عالمی دفاعی شراکت داری کے جائزے کا ایک موقع تھا۔ وزارت نے کہا کہ دونوں ملکوں نے بنیادی نوعیت کے دوطرفہ معاملات پر بات چیت کی، جن میں تجارت اور سرمایہ کاری، دفاعی تعاون، توانائی کے میدان میں تعاون، ٹکنالوجی، اہم معدنیات اور قابلِ اعتبار سپلائی چین شامل ہے۔ مذاکرات میں باہمی مفاد کے علاقائی اور عالمی حالات و واقعات کو بھی شامل کیا گیا، جس میں دونوں ملکوں نے ایک آزاد اور کھلے بھارت-بحرالکاہل کے تئیں اپنے مشترکہ عزم پر زور دیا۔×

Morn. Women's Hockey

FIH ہاکی کے جونیئر خواتین عالمی کپ 2025 میں بھارت نے کل رات Santiago میں اُروگوئے کو ایک شُوٹ آؤٹ میں تین-ایک سے ہرا دیا۔ اِس سے پہلے اُن کا کوالیفکیشن میچ ایک-ایک سے برابری پر ختم ہو گیا تھا۔

منیشا نے بھارت کیلئے یہ واحد گول کیا تھا، جبکہ Justina Arregui نے اُروگوئے کیلئے واحد گول کیا۔

اب بھارت نویں مقام کیلئے کل اسپین کے ساتھ کھیلے گا۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......حبیب الرحمان

شکریہ ۔اسلم

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے بیشتر اردو اخباروں نے مائیکرو سافٹ کے چیر مین اور CEO ستیہ نڈیلا کی وزیر اعظم نریندر مودی سے ملاقات کی خبر کو صفحہ اول پر شہ سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی سرخی ہے: وزیر اعظم نے بھارت میں مائیکرو سافٹ کی جانب سے ایشیا میں اب تک کی سب سے بڑی سرمایہ کاری کے اعلان کا خیر مقدم کیا۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے 2023 اور 2024 کے لیے قومی دستکاری ایوارڈ پیش کیے۔ اس خبر کو روزنامہ ہندوستانی ایکسپریس نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

انڈیگو کو اپنے روٹ میں دس فیصد کٹوتی کے حکم سے متعلق خبر کو اخباروں نے نمایاں طور سے جگہ دی ہے۔

روزنامہ انقلاب کی سرخی ہے : شہری ہوابازی کے وزیر کی انڈیگو کے CEO اور اعلیٰ حکام کے ساتھ میٹنگ۔

وزیر رام موہن نائیڈو نے کہا کہ حکومت مسافروں کی حفاظت کے تئیں سنجیدہ۔

آفات کی صورت میں کسانوں کو راحت فراہم کرنے کیلئے نظام میں تبدیلی سے متعلق خبر کو روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اخبار کی سرخی ہے: کسانوں کو قدرتی آفات میں 33 فیصد ریلیف، وزیر زراعت شیوراج چوہان نے کیا اعلان۔

عالمی خبروں کے صفحے کی کچھ اہم سرخیاں اس طرح ہیں:

- ☆ سعودی عرب اور قطر کے درمیان ریل معاہدے پر دستخط
- ☆ جکارتہ میں 7 منزلہ عمارت میں آتشزدگی، 22 افراد ہلاک۔
- ☆ ایران نے بحری مشقوں کے ذریعہ خلیج فارس میں طاقت کا مظاہرہ کیا۔
- ☆ سوڈان میں اسپتال اور اسکول پر حملے میں 114 افراد ہلاک۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- لوک سبھا میں آج انتخابی اصلاحات پر آگے بحث ہوگی۔ وزیر داخلہ امت شاہ بحث کا جواب دیں گے۔

2- راجیہ سبھا میں قومی گیت وندے ماترم کے 150 سال مکمل ہونے کے تعلق سے بحث ہوگی۔

2- DGCA نے موسم سرما کیلئے IndiGo کے پروازوں کے Operations میں 10 فیصد کٹوتی کا حکم دیا ہے۔

3- مائیکرو سافٹ نے بھارت میں 17 ارب 50 کروڑ امریکی ڈالر کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے، جو ملک کے

AI بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے کیلئے ایشیا میں سب سے بڑی سرمایہ کاری ہے۔

4- آسٹریلیا 16 سال سے کم عمر نوجوانوں کیلئے سوشل میڈیا پر پابندی عائد کرنے والا دنیا کا پہلا ملک بن گیا ہے۔

5- بھارتی موسمیات محکمے نے پنجاب، مغربی مدھیہ پردیش، مہاراشٹر، شمالی کرناٹک کے اندرونی علاقوں اور تلنگانہ میں اگلے دو دن تک موسم سرد رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

6- اور: کرکٹ میں کٹک میں پانچ میچوں کی سیریز کے، پہلے ٹی ٹوئنٹی میچ میں بھارت نے جنوبی افریقہ کو 101 رن سے کراری شکست دی۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------